”رسولؐ اس چیز پر ایمان لایا جو اس پر اس کے ربّ کی طرف سے نازل ہوا اور مؤمنین بھی، وہ سب کے سب اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے، ہم اس کے رسولوں میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے،اور وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی، اے ہمارے ربّ ہم تجھ سے مغفرت کے طلبگار ہیں اور تیری طرف لوٹنا ہے...... اللہ تعالیٰ کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر (شرع کا بوجھ اٹھانے کی) تکلیف نہیں دیتا، اس کے لئے وہی ہے جو اس نے کمایا اور اس پر اتنا ہی (بار) ہے جتنا اس نے کمایا...... اے ہمارے ربّ! اگر ہم بھول جائیں یا خطا کربیٹھیں تو ہمارا مؤاخذہ نہ فرما اور ہم پر اس طرح بوجھ نہ ڈال جس طرح تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا۔ اے ہمارے ربّ! ہمیں اس بوجھ کے اٹھانے کی تکلیف نہ دے جس کی ہم میں طاقت نہیں ہے اور ہمیں معاف فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہمارا مولیٰ ہے، تو کافروں کی قوم پر ہماری نصرت فرما“

[ماخوذ از الجواب الصحیح لمن بدّل دین المسیح ...... امام ابوالعباس احمد بن عبدالحلیم ابن تیمیہؒ]

قارئین سے دعا کی درخواست ہے!

❑ اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ (خواتین ونگ) کی وائس پریزیڈنٹ مسز عصمت لطیف ۲۳/ اپریل ۲۰۰۲ء کو کینسر کے مرض میں وفات پا گئیں، آپ ٹرسٹ کی نہایت مخلص اور سرگرم رُکن تھیں۔ مرحومہ نے قرآنِ کریم کا تفسیر و ترجمہ مسز رضیہ مدنی سے پڑھا اور تکمیل کے بعد سے اپنے آپ کو قرآن کی خدمت کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ لاہور میں 'الہدیٰ انٹرنیشنل' کی سرگرمیوں میں آپ شرکت کیا کرتیں۔ ادارہ جناب جنرل (ر) راحت لطیف کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ اُنہیں اور ان کی اولاد کو صبر واستقامت عطا فرمائیں اور مرحومہ کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دیں۔ آمین!

❑ جامعہ لاہور الاسلامیہ کے شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ کی آنکھوں کا آپریشن اسی ماہ ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے آپ ان دنوں جامعہ میں تدریس نہیں کر رہے، فتویٰ نویسی کا کام بھی متاثر ہے، اللہ تعالیٰ انہیں شفاءِ کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین!

❑ ماہنامہ محدث کی اشاعت و ترسیل میں سرگرم پیرانہ سال کارکن عبد الغفار کے والد ۸۰ برس کی عمر میں وفات پاگئے، اللہ تعالیٰ ان کو صبر جمیل عطا فرمائیں اور مرحوم کی غلطیوں، کوتاہیوں کو معاف فرمائیں

❑ جامعہ لاہور الاسلامیہ کے فاضل، حافظ عبدالوحید مدیر ہفت روزہ 'الاعتصام' کے والدِ گرامی کی وفات پر ادارہ ان سے تعزیت کرتا ہے۔ قارئین سے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

www.KitaboSunnat.com